13936 ـ وضوء كے بعد پرفيوم استعمال كرنا

سوال

كولونيا والى خوشبو لگانے كے متعلق بہت زيادہ باتيں ہونے لگى ہيں، اس ليے وضوء كرنے كے بعد يہ خوشبو لگائى جائے تو كيا وضوء دوبارہ كرنا ہو گا، يا كہ صرف جہاں لگى ہے وہى جگہ دھوئى جائيگى ؟

پسنديده جواب

الحمد للہ.

كولونيا والى معروف خوشبو (پرفيوم) ميں سپرٹ پايا جاتا ہے، جو ميڈيكل رپورٹ كے مطابق نشہ آور مادہ ہے، چنانچہ اس كا استعمال ترك كرنا واجب ہے، اور اس كے عوض ميں بغير سپرٹ خوشبو استعمال كى جائيں.

ليكن اسے لگانے كے بعد وضوء كرنا، يا پھر جس جگہ لگائى جائے اسے دھونا واجب نہيں، كيونكہ اس كى نجاست كى كوئى واضح دليل نہيں ہے.

اللہ تعالى ہى توفيق دينے والا ہے.